Ministerium für Arbeit,
Integration und Soziales
des Landes Nordrhein-Westfalen

نورڈ رائین ویسٹ فالن میں آمد.

ہمارے ملک میں سمت بندی کیلئے اولین اقدامات.

www.mais.nrw

اردو (Urdu)

نورڈ رائین ویسٹ فالن میں خوش آمدید!

آپ بہت لمبا اور مشکل سفر گزار کر آئے ہیں۔ آپ جرمنی میں تحفظ اور نئے مواقع کی تلاش میں ہیں۔ میں خوشی محسوس کرتا ہوں کہ آپ نورڈ رائین ویسٹ فالن میں پہنچ گئے ہیں۔ ابتدا میں مشکل تو ہوتی ہے اوراس لئے ہم مشورے اور عمل کے ساتھ آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔

نورڈ رائین ویسٹفالن ایک متنوع صوبہ ہے جس پر ہمیں فخر ہے۔ یہاں چار ملین سے زیادہ ایسے لوگ رہتے ہیں جن کا تعلق دوسرے ممالک سے ہے۔ اور نورڈ رائین ویسٹ فالن ایک ایسا صوبہ ہے جس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ جن سرکاری اداروں کا تعارف میں اس کتابچہ میں کروانا چاہتا ہوں اُن کے ساتھ ساتھ آپ کو بہت سے ایسے لوگ ملیں گے جو رضاکارانہ طور پر آپ کی ہر طرح مدد اور راہنمائی کرنے میں ہر وقت پیش پیش ہیں۔

آپ شروع میں مشورے کے لئے کہاں اور کس کے ساتھ جا سکتے ہیں اس بارہ میں آپ کو اس کتابچہ میں سب معلومات ملیں گی۔ اس کے علاوہ اس میں ایسی اصطلاحات کی وضاحت کی جائے گی جن سے آپ کا روزمرہ کے حالات میں واسطہ پڑے گا۔ آپ کو ایسے معلوماتی ذرائع کی طرف بھی راہنمائی ملے گی جو آپ کیلئے دلچسپی کا باعث بنیں گی۔

اس پیشکش کا شروعات میں مدد گار ثابت ہوتے ہوئے آپ اپنے آپ کو عنقریب یہاں کا ہی محسوس کریں گے اور دل لگا لیں گے۔ نورڈ رائین ویسٹ فالن کے لوگ ہاتھ بڑھا کر آپ کی مدد کے لئے تیار ہونگے!

رائینر شمیلٹزر
وزیر روزگاری، انٹیگریشن اور سماج
صوبہ نورڈ رائین ۔ ویسٹ فالن

فہرست

تعارف	6
1 شہر میں رجسٹریشن	10
2 رہنے کی اجازت	12
3 فلاح و بہبودی امداد	14
4 کرنٹ بینک اکاؤنٹ	22
5 بچے اور فیملی	24
6 زبان اور ثقافت	26
7 تعلیم اور روزگار	28
مزید معلومات	32
تشریح	36
حوالہ جات	42

تعارف

یہ کتابچہ آپ کے لئے تیار کیا گیا ہے

یہ معلومات آپ کو مہاجر کے طور پر دی جارہی ہیں،

- اگر آپ وفاقی یا صوبہ نورڈ رائین ویسٹ فالن کے انسانی ہمدری کے داخلہ پروگرام 38 کے تحت ملک میں داخل ہوئے ہیں یا
- اگر آپ پناہ گزین یا جنیوا کنوینشن برائے مہاجرین کے تحت تسلیم شدہ مہاجر یا ذیلی ادارہ سےتحفظ کا درجہ رکھتے ہیں

یا

- اگر آپ کی پناہ کی درخواست ابھی تکمیل تک نہیں پہنچی، آپ با حیثیت تحفظ کے متلاشی شائد لمبے عرصہ کے لئے جرمنی میں رہیں گے اور مہاجرین کے صوبائی اندراج کے بعد آپ کی کسی شہر میں منتقلی ہو چکی ہے۔ یہ خاص طور پر تب عائد ہوتا ہے اگر آپ ایک غیر محفوظ ملک جیسا کہ شام، افغانستان عراق، ایریٹریا سے آئے ہیں اور یہاں پناہ گزین کے طور پر پناہ کی درخواست دی ہے۔اور آپ کو یہاں رہائش کی اجازت ملنا ممکن ہے۔

افراد خاندان کے لئے معلومات

یہ کتابچے نا صرف اُن سب لوگوں کی ابتدا میں مدد کریں گےجو یہاں تحفظ کی تلاش میں نئے آئے ہیں۔ بلکہ افراد خاندان، رشتہ دار یا واقف کاروں کو بھی ہم تعارفی ہدایات دینا چاہتے ہیں کہ ضرورت کے مطابق کس طرح سہارا دے کر مدد کر سکتے ہیں۔

انسانی امداد کے پروگرام کے تحت آپ ملک میں داخلے سے پہلے ہی کچھ کام کر سکتے ہیں۔ یہاں آپ کو چند ایسی باتیں بتائی جائیں گی کہ افراد خاندان کے جرمنی میں داخل ہونے سے پہلے کیا کام کئے جاسکتے ہیں۔

ایک کے بعد دوسرا کام

ابتدا میں اس نئے ملک میں آپ کو بہت کچھ بیگانا اور شائد کچھ حد تک مشکل بھی لگے۔ یہ معلوماتی تحریر آپ کو یہ بتاتی ہے کہ آپ کی آمد کے بعد آپ کو کن چیزوں کے بارہ میں سوچنا پڑھے گا تاکہ نورڈ رائین ویسٹ فالن میں آپ کا دل لگ سکے۔ نورڈ رائین ویسٹ فالن میں رجسٹریشن کے بارہ میں معلومات کے علاوہ آپ کو روزگار کی تلاش میں، جرمن زبان سیکھنے اور بہت سی اور دلچسپ باتوں کے بارہ میں بھی مفید معلومات ملیں گی۔ آپ صرف اس کتابچہ میں دیئے گئے بلترتیب نقطوں کے مطابق چلیں۔ کئی نقطوں میں ہم آپ کو ایک چیک لسٹ بھی پیش کرتے ہیں تاکہ آپ سب ضروری کاغذات اور دستاویزات یاد رکھیں۔ اگر آپ کے پاس یہ کاغذات یا دستاویزات نہیں ہیں تو پھر انفرادی طور پر مشورہ کریں! بڑے اور نشاندہی کئے گئے الفاظ اور جملے تحریری معلومات کے آخر میں سمجھائے جائیں گے۔

مشورہ حاصل کریں اور اُس کے مطابق چلیں۔

لازم ہے کہ آپ کے ذہن میں بہت سے سوالات ہونگے اور ایسے بھی جن کے جواب اس کتابچہ میں نہیں دیئے گئے۔ خواہ فارم پُر کرنا، دفاتر اور اداروں سے رابطہ، سماجی مشکلات کی وجہ سے مشورہ، زبان سیکھنے کے کورس، سکول اور کنڈرگارٹن کا انتطام یا زنانہ ڈاکٹر، ڈاکٹر اور ہسپتال کی تلاش ہو: وہ شہر جس میں آپ رہتے ہیں اُس میں مشورے کے لئے مختلف مراکز ہوتے ہیں جو آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔

آپ مندرجہ ذیل امدادی مراکز میں جا سکتے ہیں، اپنے رشتہ داروں کے ساتھ بھی جاسکتے ہیں:

بالغ تارکین وطن کے لئے مشورے (MBE) 40 کے ادارے کے ملازمین سے آپ کو انفرادی مشورے اور عملی مدد مل سکتی ہے۔ اگر آپ کی پناہ کی درخواست ابھی کارروائی میں ہے تو پھر پناہ گزینوں کے دفتر برائے مشورہ یعنی سوشیال بیراٹنگز سٹیلے (پناہ گزین کے لئے مشورے) 38 سے رابطہ کریں۔

نوجوان تارکین وطن کی خدمات 39 خصوصاً اُن نوجوانوں کی مدد کرتی ہے جو 12 سے 27 سال کی عمر کے ہیں۔ ادھر انفرادی طور پر آپ کے اُن سوالوں کے جواب دیئے جاتے ہیں جو آپ کے نئے ماحول میں آپ کے ذہن میں آتے ہیں۔ - خاص طور پر سکول ، پیشہ ورانہ تربیت اور پیشہ منتخب کرنے کے بارہ میں سوالات تاکہ آپ جلد ہی ثابت قدم ہو جائیں

بہت سے شہروں میں مقامی منتظم انضمام (انٹیگیرشن) اور/ یا مقامی انضمام مراکز (انٹیگریشن مرکز) 40 ہوتے ہیں، جو آپ کے سوالات اور مشکلات میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں اور مناسب ذمہ دار شخص کے ساتھ آپ کا رابطہ کروا سکتے ہیں۔ ان مراکز کو یہ بھی علم ہوتا ہے کہ آپ اپنے بچوں اور نوجوانوں کے حوالے سے کس سے رابطہ کرسکتے ہیں اور مثال کے طور پر ترجمے میں آپ کی کون مدد کر سکتا ہے۔

مختلف انجمنیں اور کلب جیسا کہ : آربائیٹر وول فارٹ (AWO)، ڈوئچے روٹے کروئیز (DRK)، ڈیاکونی ، کاریٹاس، مشترکہ یا مقامی پناہ گزین کی یونین نہ صرف ہر طرح کے ہنگامی حالات میں مدد دیتے ہیں بلکہ تارکین وطن کے لئے بہت سے سماجی پروگرام بھی پیش کرتے ہیں۔ تارکین وطن کی اپنی تنظیمیں بھی مقامی طور پر سہارا دیتی ہیں۔

بہت سے جرمن شہروں میں مختلف مذاہب کی مذہبی تنظیمیں بھی ہیں۔ خواہ یہودی، مسلمان، کیتھولک، یا پروٹسٹنٹ ان میں سے اکثر اپنے شہروں میں تارکین وطن کے لئے مدد دیتے ہیں۔ اگر آپ مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ یقیناً کسی ہمسائی مذہبی تنظیم میں جا کر پوچھ سکتے ہیں۔ آپ کو مزید معلومات مقامی مشاورت کے مراکز میں مل سکتی ہیں۔

وہ عورتیں جو تشدد کی وجہ سے خوفزدہ ہوں وہ تحفظ نسواں کے خاص اداروں سے مدد حاصل کر سکتی ہیں اور مشورہ کرسکتی ہیں 38 جیسا کے عورتوں کے لئے مراکز تحفظِ نسواں اور عورتوں کے لئے ایمرجینسی ٹیلیفون یا عورتوں کی رہائش گاہ میں ایک محفوظ رہائش۔

ایسے شخص جو اپنی جنسی شناخت کی وجہ سے مدد چاہتے ہوں وہ پناہ گزینوں کے لئےسماجی مشورہ دفترمیں(پناہ گزینوں کو مشورے) ایک اپنی مدد آپ گروپ کا مقامی طور پر پتہ کر سکتے ہیں۔

1

شہر میں رجسٹریشن

مجھے کیا کرنا ہوگا؟

آپ اپنے شہر کے ٹاؤن ہال میں جائیں۔

ٹاؤن ہال میں ایک معلومات کا دفتر ہو گا (برگربیرو)۔ یہاں آپ کو معلوم ہوگا کہ سب سے پہلے آپ کو کن دفاتر میں جانا ہوگا اور وہ کہاں ہیں۔ (مثال کے طور پر غیرملکیوں کا یا عوامی رجسٹریشن ادارہ، سوشل اور رہائش کا دفتر 41)۔

مجھے ٹاؤن ہال کیوں جانا ہوگا؟

جونہی کسی شہر میں آپ تبادلہ کے بعد رہائش پذیر ہوں تو آپ کو ٹاؤن ہال میں عوامی رجسٹریشن ادارہ (برگر بیورو) 37 میں رجسٹریشن کے لئے جانا ہوگا۔ اگر تو آپ رہائشی سہولت 40 میں رہائش پذیر ہوں تو ہو سکتا ہے کہ عوامی رجسٹریشن ادارہ میں وہاں سے پہلےہی آپ کی رجسٹریشن ہو چکی ہو۔ اپنی رہائش پر ہی اسکی معلومات حاصل کریں۔

عوامی رجسٹریشن ادارہ آپ کو رجسٹریشن کا ایک تصدیق نامہ دے گا جو آپ حسب ضرورت دفاتر اور اداروں میں دکھا سکتے ہیں۔

مجھے کیا کچھ ساتھ لانا ہوگا؟

- پیدائش کا سرٹیفیکیٹ، ممکنہ طور پر نکاح نامہ یا پارٹنرشپ کا سرٹیفیکیٹ، پاسپورٹ یا اُس کا متبادل (شناختی ثبوت)
- ویزا
- اگر موجود ہو تو: پناہ گزین کی رجسٹریشن کا تصدیق نامہ۔(بؤما)
- اگر آپ کے رشتہ دار آپ کے ساتھ رہتے ہیں تو اُس کی تصدیق، یا اگر آپ اپنی رہائش میں رہتے ہیں تو آپ کے مالک مکان کی طرف سے اُس کا تصدیق نامہ۔

2

رہنے کی اجازت

مجھے کیا کرنا ہوگا؟

غیر ملکیوں کے مقامی دفتر (آؤسلینڈر بیہرڈے) 36 میں جائیں۔

اگر آپ نے پناہ کی درخواست دی ہے اور آپ کے پاس پناہ گزین کی رجسٹریشن کا تصدیق نامہ (بؤما) موجود ہے یا آپ کے پاس رہائش کی اجازت ہے تو پھر آپ کو فوری طور پر غیر ملکیوں کا دفتر (آؤسلینڈر بیہرڈے) میں جانا چاہئیے۔ اگر آپ ویزے کے ساتھ ملک میں داخل ہوئے ہیں تو آپ جتنی جلد ممکن ہو وہاں جائیں ۔ کم ازکم ویزے کی مدت ختم ہونے سے پہلے۔

مجھے غیر ملکیوں کے دفتر میں کیوں جانا ہوگا؟

غیر ملکیوں کے دفتر میں آپ ہر وہ کام جس کا آپ کے رہنے کے ساتھ تعلق ہے کر سکتے ہیں۔ جرمنی میں رہنے کے لئے آپ کو سرکاری اجازت کی ضرورت ہے۔ اس کاغذ میں یہ تفصیل لکھی ہوتی ہے کہ آپ کس وجہ سے جرمنی میں ہیں اور آیا آپ کو کام کی اجازت ہے۔

پناہ گزین کے طور پر سب سے پہلے آپ کو ایک عارضی شناختی کاغذ ملتا ہے (پناہ گزین کی رجسٹریشن کا تصدیق نامہ بؤما) دوسری صورت میں رہنے کا اجازت نامہ۔ ایسی صورت میں بھی غیر ملکیوں کا دفتر (آؤسلینڈر بیہرڈے) آپ کو معلومات دیتا ہے کہ آپ جرمنی میں کہاں رہ سکتے ہیں۔

مجھے کیا کچھ ساتھ لانا ہوگا؟

- پیدائش کا سرٹیفیکیٹ، ممکنہ طور پر نکاح نامہ یا پارٹنرشپ کا سرٹیفیکیٹ، پاسپورٹ یا اُس کا متبادل (شناختی ثبوت)
- ویزا
- اگر موجود ہو تو: پناہ گزین کی رجسٹریشن کا تصدیق نامہ(بؤما) یا رہنے کی اجازت۔
- اگر موجود ہوں تو: وہ سب کاغذات جن کا تعلق انسانی ہمدردی کے تحت داخلہ پروگرام سے ہو۔

3 فلاح و بہبودی امداد

فلاح و بہبودی امداد کیا ہے؟

زندگی کے مختلف حالات کے لئے جرمنی کا ایک وسیع سماجی نظام ہے۔ آپ کے حالات کے مطابق آپ کو ملنے والی مدد میں فرق ہو سکتا ہے اور یہ بھی کہ مختلف ادارے اِس کے لئے ذمہ دار ہوں۔ یہ جاننے کے لئے کہ آپ کس امداد کے حق دار ہیں آپ کو مقامی دفتر برائے مشورہ سے رابطہ کرنا چاہئے۔

یہاں ایک پہلا مجموعی جائزہ:

اگر آپ ایک پناہ گزین عورت یا مرد ہیں تو آپ کو سوشل سیکیورٹی دفتر سے پناہ گزین کی امداد کے قانون کے مطابق مالی مدد ملے گی۔

اگر آپ کام نہ کرتے ہوں یا آپ کو ابھی کوئی کام نہ ملا ہو اور آپ کے کسی قسم کے مالی وسائل نہ ہوں تو آپ مقامی جاب سینٹر 39 کے پاس مالی مدد کی درخوست دیں گے۔ اگر آپ مستقل بیمارہیں یا آپ کی عمر 65 سال سے اوپر ہے اور آپ اس لئےکام نہیں کرسکتے تو پھر آپ مالی امداد کی درخواست مقامی سوشل سیکیورٹی کے دفتر میں دیں گے۔

حوالہ

اگر آپ نورڈ رائین ویسٹ فالن میں شام کے پناہ گزینوں کے لئے انسانی ہمدردی کے تحت داخلہ پروگرام سے داخل ہوئے ہیں تو آپ کے لئے خصوصی فوائد ہیں۔ جیسا کہ آپ کے رشتہ داروں یا اور لوگوں نے آپ کے ملک میں داخلے سے پہلے آپ کی ذمہ دارانہ وضاحت جمع کروائی ہے ۔ آپ کے رشتہ دار یا دوسرے لوگوں نے اس طرح آپ کے یہاں رہنے کے اخراجات کا کچھ حصہ برداشت کرنے کا اپنے آپ کو پابند کیا ہے، خاص طور پر طعام و قیام کے اخراجات برداشت کرنا۔ بیماری، حمل ، پیدائش، ضرورتِ دیکھ بھال ، معزوری کے معاملات میں یہ عائد نہیں ہوتا۔ ان حالات میں آپ سرکاری امدار کے حقدار ہیں۔

3

رہائش - مجھے کیا کرنا ہوگا؟

اگر آپ کے افراد خانہ، رشتہ دار یا واقف کار پہلے سے ہی نورڈ رائین ویسٹ فالن میں رہتے ہیں اور آپ انسانی ہمدردی کے تحت داخلہ پروگرام سے داخل ہوئے ہیں تو پھر انہوں نے پہلے ہی آپ کے لئے رہائش کا انتظام کیا ہوگا۔ اگر ایسی صورت نہیں ہے یا آپ پناہ گزین عورت یا مرد ہیں تو پھر آپ کے لئے ممکن یا لازمی ہے کہ آپ وقتی طور پر اُن کے شہر کے کسی کیمپ میں رہیں۔

اگر آپ کوئی اور رہائش تلاش کرناچاہتے ہیں اور یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آیا آپ رہائشی مالی مدد کے حقدار ہیں تو پھر اس صورت میں آپ اپنے ٹاؤن ہال میں مقامی سوشل سیکیورٹی یا رہائش کے دفتر سے رابطہ کریں۔

جب آپ کو نئی رہائش مل جائے تو پھر آپ ٹاؤن ہال میں عوامی رجسٹریشن ادارہ میں اپنی رجسٹریشن کروائیں (دیکھیں حصہ 1 رجسٹریشن) اور موجودہ پتہ کا رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ حاصل کریں۔ اگر آپ کی کسی کیمپ میں منتقلی ہوئی ہو اور آپ سب سے پہلے وہاں آئیں تو پھر وہاں یہ معلوم کریں کہ آیا آپ کو عوامی رجسٹریشن ادارہ میں جانا پڑے گا (دیکھیں حصہ 1 رجسٹریشن) یا آپ کی تفصیل پہلے ہی وہاں موجود ہے۔ اپنے نئے پتہ کی اطلاع آپ غیر ملکیوں کے دفتر اور بنڈس آمٹ فر میگراشیون انڈ فلختلینگے یعنی مائیگریشن اور پناہ گزین کا وفاقی دفتر کو ضرور دیں۔

حفضان صحت ۔ مجھے کیا کرنا ہوگا؟

اگر آپ بیمار ہوں تو سب سے پہلے آپ اپنے نزدیک ہی کسی ڈاکٹر کے پاس جائیں۔

اگر دانت کا درد ہو تو پھر دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس جائیں۔ بچوں کے لئے خاص طور پر ڈاکٹر برائے بچے اور بڑے بچے ہوتے ہیں۔ حسب ضرورت یہ کسی اسپیشلسٹ یا ہسپتال میں بھی بیجھتے ہیں۔

اپنے قریب ڈاکٹر یا ہسپتال آپ کو کہاں ملے گا؟ یہ لنک آپ کو نورڈ رائین ویسٹ فالن کی حفضان صحت کی ویب سائٹ پر لے جائے گا۔
www.gesundheit.nrw.de/content/e224/e349

پہلے اپنا علاقہ دیں اور پھر وہ شہر جس میں آپ رہ رہے ہیں۔ پھر آپ کو اپنے علاقے کے ڈاکٹر اور ہسپتال کی تفصیل ملے گی۔ یہاں منتخب زبان کے مطابق تلاش کرنا بھی ممکن ہے۔

اگر آپ پناہ گزین مرد یا عورت ہیں تو پھر آپ کے پناہ کے کیس کی تکمیل تک آپ کو حسب ضرورت آپ کے شہر کی طرف سے علاج مہیا ہو گا۔ اِس میں ضروری علاج شدید بیماریاں اور درد کی کیفیت بمعہ ادویات اور پٹیاں وغیرہ شامل ہیں۔
علاوہ ازیں حمل ، پیدائش، اور تجویز شدہ احتیاطی معائنے اور حفاظتی ٹیکے بھی شامل ہیں ۔ آپ کے بچوں کے لئے مالی امداد بھی شامل ہے۔

جب آپ ایک ڈاکٹر کا چناؤ کر لیں تو اگر آپ کے پاس ہیلتھ کارڈ نا ہو تو پھر آپ کو علاج کروانے کے لئے پہلے اپنے شہر کے سوشل سیکیورٹی کے دفتر سے ایک علاج کا اجازت نامہ لینا ہوگا .

اگر آپ کا کوئی حادثہ ہوا ہے یا آپ کو شدید درد ہو رہا ہو کہ آپ انتظار نہ کر پائیں تو پھر آپ سیدھے ڈاکٹر کے پاس یا ہسپتال جا سکتے ہیں۔ ایسے حالات میں ڈاکٹر اور ہسپتال ہنگامی صورت میں علاج کرنے کے پابند ہوتے ہیں۔

علاج کا اجازت نامہ یا ہیلتھ کارڈ آپ اپنے شہر کے سوشل سیکیورٹی کے دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید سوالات کی صورت میں مقامی مرکز مشاورت بھی مدد کرتے ہیں (جیسا کہ مائیگریشن کے مرکز مشاورت بالغ تارکین وطن کے لئے)۔

اگر آپ نورڈ رائین ویسٹ فالن میں شام کے پناہ گزینوں کے لئے انسانی ہمدردی کے تحت داخلہ پروگرام سے داخل ہوئے ہیں تو بھی یہ عائد ہوتا ہے۔

اگر آپ کا پناہ کا کیس نہیں ہے تو پھر میڈیکل انشورنس 40 کروانے کی ضرورت ہو گی۔ سرکاری یا پرائیوٹ میڈیکل انشورنس بیماری کی صورت میں علاج کے اخراجات برداشت کرتی ہے۔ مثال کے طور پر حمل، احتیاطی یا قبل ازوقت بیماری کی تشخیص اور اسی طرح بیماری کا علاج (ڈاکٹر/ دانتوں کے ڈاکٹر سے علاج ، دوائیاں ، ہسپتال میں علاج، طبی بحالی کے اخراجات)۔ اس وجہ سے جتنی جلدی ہوسکے آپ کسی ایک میڈیکل انشورنس میں شامل ہو جائیں۔ آپ کے رشتہ دار یا اِس کتابچہ میں دیئے گئے مشورہ کے اداروں کے کارکنان (مثال کے طور پر مائیگریشن کے مشورہ کا دفتر بالغ تارکین وطن کے لئے، پناہ گزین کے لئے مشورہ کے ادارے) میڈیکل انشورنس چننے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

چائلڈ بینیفِٹ ۔ مجھے کیا کرنا ہوگا؟

جرمنی میں حسب معمول بچوں والے گھرانوں کو سرکاری مالی مدد ملتی ہے۔ چائلڈ بینیفیٹ بچوں کی ضروریات زندگی کے تحفظ کے لئے ہے۔ عام طور پر یہ بچے کی 18 سال کی عمر مکمل ہونے تک ملتا ہے۔

لیکن اس اصول کی مستثنیات بھی ہیں۔ اِس لئے جاب سینٹر ، دفتر سوشل سیکیورٹی یا فامیلین کاسے سے مزید معلومات حاصل کریں کہ آیا آپ کو چائلڈ بینیفیٹ مل سکتاہے۔

☚ چائلد بینیفیٹ کی درخواست آپ اپنے شہر کے فامیلین کاسے میں دےسکتے ہیں۔

حوالہ

مزید ایسے حالات ہیں جن میں آپ فلاح و بہبود امداد کے حق دار ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر „ایلٹرن گیلڈ” یعنی والدین کے لئے مالی مدد۔ اسی طرح حمل کے دوران بھی آپ مالی امداد حاصل کرسکتے ہیں اگر آپ بغیرازدواجی ساتھی کے پرورش کر رہیں ہوں یا اپنے مکان کے ابتدائی سامان کے لئے مدد۔ اپنے شہر کے جاب سینٹر یا دفتر سوشل سیکیورٹی سے معلومات حاصل کریں۔

3

دفتر سوشل سیکیورٹی یا ڈاکٹر کے پاس جانے کے لئے مجھے کیا کچھ ساتھ لے کرجانا ہوگا؟ دفتر رہائش، فاملین کاسے، جاب سینٹر ، اور ,,کرانکن کاسے" یعنی دفتر ہیلتھ انشورنس۔

- ڈاکٹر کے پاس: دفتر سوشل سیکیورٹی کی طرف سے جاری کردہ علاج کا اجازت نامہ۔ شناخت کا ثبوت (پیدائش کا سرٹیفیکیٹ، پاسپورٹ یا اُس کا متبادل) اور اگر موجود ہو تو حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ ، ڈاکٹری رپورٹ، بیماری کے کاغذات
- پیدائش کا سرٹیفیکٹ، ممکنہ طور پر نکاح نامہ یا پارٹنرشپ کا سرٹیفیکٹ
- پاسپورٹ یا اُس کا متبادل (شناخت کا ثبوت)
- ویزا
- رہائش کا پتہ ثبوت کے ساتھ
- عوامی رجسٹریشن ادارے کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ
- رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ بطور پناہ گزین (بؤما) یا رہائشی اجازت نامہ۔
- الیکٹرونک رہائشی اجازت نامہ 37 یا غیر ملکییوں کے دفتر کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ کے متبادل کاغذات

- ممکنہ طور پر: آمدن کے بارہ میں ثبوت اور/ یا جائداد
- اگر پہلے ہی موجود ہو تو: ہیلتھ اور کئیر (دیکھ بھال) انشورنس کا ثبوت جس کے ساتھ یہ بھی ثبوت ہو کے ادائیگی کتنی ہوتی ہے۔
- ممکنہ طور پر: وہ سب کاغذات جن کا انسانی ہمدردی کے تحت داخلہ پروگرام کے ساتھ تعلق ہو۔

---

4 کرنٹ (بینک) اکاؤنٹ

مجھے ایک کرنٹ بینک اکاؤنٹ کی کیوں ضرورت ہے؟

آپ کو مختلف دفاتر یا اداروں سے جو مالی امداد ملتی ہے اُس کے لئے آپ کو بینک اکاؤنٹ کی ضرورت ہوتی ہے، تاکہ آپ کو پیسے ادا کئے جاسکیں۔ اگر آپ کام کرتے ہیں تو پھر اِس کرنٹ اکاؤنٹ 38 میں ہی آپ کی تنخواہ ادا ہوگی۔

مجھے کیا کرنا ہوگا؟

اِس کے لئے آپ بینک یا سپارکاسے میں ایک اکاؤنٹ کھلوائیں۔

رشتہ دار پہلے سے ہی کیا کام مکمل کر سکتے ہیں؟

وہ مختلف بینکوں یا سپارکاسے کے اخراجات اور اُنکی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

مجھے کیا کچھ ساتھ لانا ہوگا؟

- پاسپورٹ یا اُس کا متبادل (شناخت کا ثبوت)
- الیکٹرونک رہائشی اجازت نامہ یا غیر ملکیوں کے دفتر کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ کے متبادل کاغذات
- عوامی رجسٹریشن ادارے کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ

5 بچے اور فیملی

وہ بچے جن کی ابھی سکول جانے کی عمر نہ ہو

وہ بچے جن کی عمر 6 سال سے کم ہے اُن کی دیکھ بھال بچوں کی دیکھ بھال کے مخصوص سینٹرز میں کی جاسکتی ہے۔ 1 سال کی عمر سے سکول جانے تک کے بچوں کا جگہ کا قانونی استحقاق ہوتا ہے۔ اِ س کے بارہ آپ مقامی انٹیگریشن سینٹر یا یوتھ (نوجوانوں کا) سینٹر میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

وہ بچے جن کا سکول جانا لازمی ہے

جرمنی میں 6 سے 18 سال کی عمر کے بچوں کے لئے سکول جانا لازمی ہے 41 ۔ سکول جانا بلامعاوضہ ہے۔

اُن بچوں کو جن کی سکول جانے کی عمر ہے جتی جلدی ہو سکے سکول میں داخل کروانا چاہئے۔ کچھ سکولوں میں خصوصاً ابتدائی حالات میں مخصوص کلاسیں ہوتی ہیں جن میں اول درجہ پر جرمن زبان سکھائی جاتی ہے۔

مجھے کیا کرنا ہوگا؟

☚ بچوں کی دیکھ بھال اور سکول کے بارہ میں سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے لئے مقامی انٹیگریشن سینٹر ، یوتھ سینٹر یا فیملی سینٹر سے مشورہ کریں۔

مجھے کیا کچھ ساتھ لانا ہوگا؟

- پاسپورٹ یا اُس کا متبادل (شناخت کا ثبوت)
- الیکٹرونک رہائشی اجازت نامہ یا غیر ملکییوں کے دفتر کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ کے متبادل کاغذات
- بچے/بچوں کا پیدائش سرٹیفیکیٹ
- رہائش کا پتہ ثبوت کے ساتھ
- دفتر رجسٹریشن زبان اور سماج کا رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ

6 زبان اور ثقافت

آپکو اپنی بات / ضروریات جلدی سمجھانے کے لئے بہت سے ایسے مواقع مہیا ہیں جن کی مدد سے آپ جرمن زبان سیکھ سکتے ہیں اور جرمن ثقافت کے بارے میں بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ یہ بہت ضروری ہے تاکہ آپ آسانی سے اپنی زندگی اپنے مطابق چلا سکیں۔

ملک بھر میں جو انٹیگریشن کورس پیش کئے جارہے ہیں اُن میں آپ جرمن زبان سیکھ سکتے ہیں اور قانون استحقاق کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ اِسی طرح تاریخ اور ثقافت اور وہ اقدار جن کو جرمنی میں بہت اہمیت دی جاتی ہے کے بارے میں معلومات۔ اِس میں شمولیت آپ کے مہاجر کی اہلیت پر منحصر ہے۔

مجھے کیا کرنا ہوگا؟

مشورہ دینے والے وہ مقام جنہیں ,,بیراٹنگزسٹیلے'' کہا جاتا ہےوہاں سے جرمن زبان سیکھنے کے مواقع کے بارہ میں معلومات حاصل کریں۔

رشتہ دار پہلے سے ہی کیا کام مکمل کرسکتے ہیں؟

مشورہ دینے والے وہ مقام جنہیں ,,بیراٹنگزسٹیلے'' کہا جاتا ہےوہاں سے جرمن زبان سیکھنے کے مواقع کے بارہ میں معلومات حاصل کریں۔

مجھے کیا کچھ ساتھ لانا ہوگا؟

- پاسپورٹ یا اُس کا متبادل (شناخت کا ثبوت)
- الیکٹرونک رہائشی اجازت نامہ یا غیر ملکییوں کے دفتر کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ کے متبادل کاغذات
- پیدائش سرٹیفیکیٹ
- رہائش کا پتہ ثبوت کے ساتھ
- دفتر رجسٹریشن تعلیم اور روزگاری کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ

تعلیم اور روزگار

7

پیشہ ورانہ تعلیم

پیشہ ورانہ تعلیم جو کام حاصل کرنے کے لئے ایک اچھی بنیاد ہے۔ جرمنی میں پیشوں کی مواقع وسیع ہیں: یہاں تقریباً 330 تسلیم شدہ ایسے پیشہ جات ہیں جن کی تعلیم دی جاتی ہے۔

جو پیشہ ورانہ تعلیمی ٹریننگ نظام کثرت سے ہے اُسے „ڈیوآل سسٹم " کہتے ہیں یعنی ڈبل نظام ۔ اِس کا ایک حصہ کسی کارخانے/کاروبار میں اور دوسرا حصہ کسی پیشہ جات سیکھنے والے سکول میں ہوتا ہے۔ اس دوران آپ کارخانے/کاروبار میں کام کرکے ہرطرح کا کام سیکھ رہے ہوتے ہیں ۔ „ڈیوآل سسٹم " یعنی ڈبل نظام میں پیشہ ورانہ تعلیم مفت ہوتی ہے۔ اس تعلیم کے دوران آپ اپنے لئے کما بھی رہے ہوتے ہیں۔ پیشہ ورانہ تعلیم پیشے کے مطابق 2 سے 3،5 (ساڑھے تین) سال کی ہوتی ہے۔ مکمل ہونے پر کام تلاش کرنے کے اچھے مواقع ہوتے ہیں یا اُسی کارخانے/کاروبار میں رہنے کا موقع ۔

مجھے کیا کرنا ہوگا؟

- آپ کو پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے درخواست دینی پڑتی ہے۔

حوالہ

اگر آپ کسی کارخانے میں پیشہ ورانہ تعلیم شروع کریں تو اگر آپ پیشہ کی جان پہچان کے لئے پریکٹیکل کرنا چاہتے ہیں تو اُس کے لئے آپ کو „آگینٹور فر آربائیٹ” یعنی جاب سینٹر کی اجازت لینا ضروری نہیں ہے۔ اس کے لئے „آگینٹور فر آربائیٹ „ کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہے۔

7

کام

کسی شہر میں دل لگانے کے لئے کام شروع کرنا ایک معنی خیز قدم ہے۔ اس کے لئے کچھ اصولوں کا خیال رکھنا ہوگا اور اکثر کام ڈھونڈھنا اتنا آسان نہیں ہوتا۔

مجھے کیا کرنا ہوگا؟

اپنے شہر کے غیر ملکیوں کے دفتر سے یہ معلوم کرلیں کہ آیا آپ کے رہائشی اجازت نامہ کے مطابق آپ کو جرمنی میں کام کرنے کی اجازت ہے۔

آگینٹور فر آربائیٹ اور جاب سینٹر روزگار مارکیٹ، تلاش روزگاری اور درخواست، کام کے اوقات کے ماڈل، اور بچوں کی دیکھ بھال کے بارہ میں تفصیلی معلومات دیتے ہیں۔ اسی طرح خاص شرائط میں حصولِ قابلیت اور مالی مدد کا سہارا کے بارہ میں معلومات۔ یہ دفاتر بھی آپ کو اپنے شہر میں ملیں گے۔

اگر آپ کی پناہ کی درخواست تکمیل تک نہیں پہنچی تو پھر آپ کو آگینٹور فر آربائیٹ کے ساتھ رابطہ کرنا ہوگا۔

اگر آپ کو پہلے ہی مقامی جاب سینٹر سے مالی امداد ملتی ہے تو پھر یہ ہی وہ جگہ ہے جو تلاشِ روزگاری میں آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔

کچھ حالات میں کام شروع کرنے کے لئے اپنے ملک میں حاصل کی گئی تعلیم کو منظور کروانا ضروری ہوتا ہے۔ اِس منظوری میں آپ کی تعلیم کا جرمنی کے تعلیم کے مطابق جائزہ لیا جاتا ہے۔

مجھے کیا کچھ ساتھ لانا ہوگا؟

- پاسپورٹ یا اُس کا متبادل (شناخت کا ثبوت)
- الیکٹرونک رہائشی اجازت نامہ یا غیر ملکییوں کے دفتر کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ کے متبادل کاغذات
- پیدائش سرٹیفیکیٹ
- رہائش کا پتہ ثبوت کے ساتھ
- عوامی رجسٹریشن ادارہ کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ
- ممکنہ طور پر: پیشہ ورانہ تعلیم کے کا غذات اور کام کے بارہ میں کاغذات
- پیشہ ورانہ تعلیم کے حصول کی درخواست کی صورت میں: درخواست، سوانح عمری اور اسناد

مزید معلومات

مزید کیا کچھ کرنا ہوگا؟

یقیناً اور بہت سے کام کرنے کو ہیں، مثال کے طور پر اپنے ڈرائیونگ لائسنس کو تسلیم/شناخت کروانا، سرٹیفیکیٹ کا ترجمہ کروانا اور تعلیم اور پیشہ ورانہ اسناد کو تسلیم/ شناخت کروانا۔ یہ نقاط آپ ایک ایک کر کے مکمل کر سکتے ہیں۔ ان کے لئے بھی بیان کئے گئے مرکز مشاورت آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔

انٹرنیٹ میں معلومات

www.bamf.de
تارکین وطن اور پناہ گزین کا وفاقی ادارہ (بنڈس آمٹ فَر میگراشیون انڈ فلختلینگے) کی اِس ویب سائٹ پر تارکین وطن کے لئے بنیادی معلومات ہیں۔ جیسا کہ بالغ تارکینِ وطن کے لئے (MEB) مائگریشن کے بارہ میں مشورہ جات۔ اس کے علاوہ اِس ویب سائٹ پر WebGIS معلوماتی سسٹم کے ذریعہ آپ اپنے علاقہ میں تارکین وطن کا مرکز مشاورت تلاش کر سکتے ہیں۔

www.mik.nrw.de/themen-aufgaben/auslaenderfragen.html اوپر دی گئی ویب سائٹ وزارت داخلہ اور میونیسپیلٹی صوبہ نورڈ رائین ویسٹ فالن پر غیر ملکیوں کے حقوق کے بارے میں معلومات۔

www.jmd-portal.de ↩

نوجوانوں کی مائگریشن سروس (JMD) کا اپنے نوجوانوں کے سماجی کام کے دائرہ میں پہلا کام یہ ہے کہ وہ نوجوان تارکین وطن کا سکول کی تعلیم، کام اور سماجی کاموں میں ساتھ دیں۔

www.kommunale-integrationszentren-nrw.de ↩

صوبائی مقام رابطہ مقامی انٹیگریشن سینٹر (LaKI) نورڈ رائین ویسٹ فالن کے انٹیگریشن سینٹرز کے کام میں تعلیم اور انٹیگریشن کےرابطے کرواتی ہے ۔

www.freiewohlfahrtspflege-nrw.de ↩

فرائے وولفارٹس فلیگے نورڈ رائین ویسٹ فالن کے رکن انجمن اپنے دفاتر میں سماجی کاموں کی متفرق امداد پیش کرتی ہیں ۔ جو مفت غیر منافع کی بنیاد پر کام ہوتا ہے۔ مختلف عالمی نظریاتی یا مذہبی محرکات اور مقاصد ان کی خصوصیت ہے۔

www.frnrw.de ↩

اس انٹرنیٹ ایڈریس (NRW e.V.) نورڈ رائین ویسٹ فالن کی انجمن مہاجرین کی نیٹ کی تحریر مل سکتی ہے۔ اس تحریر میں نورڈ رائین ویسٹ فالن کے مہاجرین کے کاموں کے مرکز مشاورت، اور افراد کی فہرست موجود ہے۔ عام طور پر ک انجمن مہاجرین نورد رائین ویسٹ فالن (NRW) ویب سائٹ پر آپ وسییع معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

www.arbeit.nrw.de ↩

یہاں آپ کو بہت سی ایسی معلومات ملیں گی جن کا تعلق کام کی تلاش، پیشہ ورانہ تعلیم، دوران تعلیم مالی امداد اور غیر ملکی کام کی اسناد یا سرٹیفیکیٹ سے ہے۔ اس کے علاوہ وہاں ایسے مرکز مشاورت یا اداروں کی تفصیل ہے جن سے آپ معلومات اور مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

www.berufenet.arbeitsagentur.de ↩
پیشہ جات کے بارہ میں معلومات یہاں
www.handwerk.de ↩
روا ناہی
www.bibb.de ↩

www.handwerkskammer.de/service ↩
پیشہ ورانہ تعلیم کی خالی آسامیاں یہاں
www.ihk-lehrstellenboerse.de اور یہاں ↩
www.jobboerse.arbeitsagentur.de ↩

www.meine-zukunft-nrw.de ↩
یہاں پیشہ ورانہ تعلیم کے بارہ میں مزید معلومات اور تحریر ان زبانوں میں موجود ہے : جرمن - انگریزی ، جرمن - ترکی، جرمن - یونانی ، جرمن - روسی، جرمن - اطالوی، جرمن - عربی-

www.make-it-in-germany.com ↩
مختلف زبانوں کی اس ویب سائٹ پرپیشہ وار ماہرین کو اُن کے کیرئر کے مواقع کے بارہ میں معلومات دی جاتی ہیں ان کی ہاٹ لائین „جرمنی میں رہنا اور کام کرنا” (+49 [0]30-1815-1111) کی مدد سے یہ ویب سائٹ غیر ملکی پیشہ ورانہ تعلیم اہلیت کی تسلیم/ شناخت کے بارہ میں جرمن اور انگریزی میں معلومات دیتی ہے-

www.bq-portal.de/de/seiten/rechtliche-grundlagen-0
غیر ملکی تعلیماتی اہلیت کے بارہ میں معلوماتی ویب سائٹ (bqportal).

نورڈ رائین ویسٹ فالن کا ایک وسیع نیٹ ورک ہے جو جسمانی، ذہنی، یا جنسی تشدد کی شکار لڑکیوں ، عورتوں اور ان کے افراد خانہ کو معلومات ، مشورہ جات، اور پناہ دے کر مدد کرتا ہے۔
نورڈ رائین ویسٹ فالن کی اُن عورتوں کے لئے جو تشدد کا شکار ہو چکی ہیں امدادی سروس اس ویب سائٹ پر مہیا ہے۔
www.mgepa.nrw.de
تشدد کی شکار عورتوں کے لئے مختلف زبانوں میں ٹیلیفون کی امدادی لائن مشورے کے لئے 24 گھنٹے مہیا ہے، ان کے ساتھ رابطہ یہاں کر سکتے ہیں۔
www.hilfetelefon.de/aktuelles.html

عورتوں کے لئے مراکز مشاورت کی تفصیل یہاں مہیا ہے۔
www.frauenberatungstellen-nrw.de

www.kita.nrw.de
یہ ویب سائٹ بچپن کی ابتدائی تعلیم کے لئے تفصیل دیتی ہے۔ یہاں آپ کو 10،000 سے زائد بچوں کی دیکھ بھال کے سینٹر کی معلومات مہیا ہیں، اسی طرح بچوں کی دیکھ بھال کے پیشہ میں کام کرنے والے مرد و خواتین کی تفصیل ، فیملی سینٹرز اور نورڈ رائین ویسٹ فالن میں نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے دفاتر کی تفصیل۔

تشریح

جوضروری محاوراجات اِس کتابچہ میں نشاندہ کئے گئے ہیں وہ یہاں سمجھائے گئے ہیں۔

آگینٹور فر آربائیٹ
آگینٹور فر آربائیٹ سرکاری روزگاری سروسز اور روزگار کو فروغ دینے اور بعض سرکاری مالی مدد کی ادائیگی ۔ بالخصوص آربائیتس لوزن گیلڈ 1 (بے روزگاری میں مالی مدد 1) اور چائلڈ بینیفِٹ کے لئے ذمہ دار ہے۔ علاوہ ازیں پیشہ ورانہ تعلیم کو فروغ دینا اور مزید تعلیم حاصل کرنا اور پیشہ جات کے بارہ میں مشورہ دینے کے لئے بھی یہ ذمہ دار ہے۔

پناہ گزین کی مالی امداد کا قانون
پناہ گزین کی مالی امداد کا قانون مالی امداد کی حد اور قسم طے کرتا ہے جس کے ضرورت مند پناہ گزین اور کچھ خاص تارکین وطن کے گروپ جرمنی میں حقدار ہیں۔ تاکہ ضروریات زندگی (جیسا کہ کھانا پینا، رہائش ، بیماری کی حالت ، حمل کی حالت وغیرہ وغیرہ) محفوظ رہیں۔

آؤس لینڈر بیھرڈے (غیرملکیوں کا دفتر)
یہ دفتر ضلع اور خود مختار شہروں کے ستھ جڑا ہوا ہے اور غیر ملکیوں کے قانون کی تعمیل کرتا ہے۔ مثال کے طور پر یہاں رہائشی اجازت نامہ جاری کئے جاتے ہیں اور ان کی مدت بڑھائی جاتی ہے، مزید رہائشی اجازت نامے جاری کئے جاتے ہیں اور پاسپورٹ کے متبادل کاغذات تیار کئے جاتے ہیں۔

پیشہ ورانہ تعلیم

کی پیشہ ورانہ تعلیم کارخانے/کاروبار اور پیشہ جات کے سکول میں ہوتی ہے۔ یہ ,,ڈیوآل سسٹم ,, یعنی ڈبل نظام 2 سے 3،5 (ساڑھے تین) سال تک کی مدت کی ہوتی ہے ۔ کارخانے/ کاروبار میں پیشہ ورانہ تعلیم کا معاہدہ کیا جاتا ہے۔ اس تعلیم کے دوران معاوضہ کی رقم ملتی ہے۔ پیشہ جات کے سکول میں اور اکیڈمیوں میں بھی پیشہ جات کی تعلیم دی جاتی ہے۔ خاص طور پر حفضان صحت کے دائرہ میں۔

بنڈس آمٹ فر میگراشیون انڈ فلوخٹلینگے (مائگریشن اور پناہ گزین کا وفاقی ادارہ) (BAMF)

یہ ادارہ مائگریشن ، انٹیگریشن،اور پناہ گزین کے حلقہ میں وسیع پیمانے پر ذمہ داری اُٹھاتا ہے۔ یہ پناہ کی درخواستوں کے فیصلے کرتا ہے ، درخواست دہندہ کے تفصیل کا ریکارڈ رکھتا ہے اور شناخت کے لئے طے شدہ فنگر پرنٹ لیتا ہے۔ بنڈس آمٹ وفاقی انسانی ہمدردی کے تحت داخلہ پروگرام اور انٹیگریشن کورسز کے لئے ذمہ دار ہے جو زبان کے کورس اور جان پہچان کے کورس کو ملا کر تیار ہوتا ہے۔

دفتر رہائشی رجسٹریشن (آنین وونر میلڈے آمٹ/ برگر بیورو)

یہ مقام رجسٹریشن کے لئے ذمہ دار ہے۔ تاکہ یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ کون کس میونیسیپیلیٹی میں رہتا ہے۔ یہ میونیسیپیلٹی کے ساتھ ملا ہوا ہے۔ یہاں آپ رجسٹریشن کروا سکتے ہیں یا ختم کروا سکتے ہیں ، اسی طرح کاغذوں کی سرکاری تصدیق کروا سکتے ہیں۔

الیکٹرونک رہائشی اجازت نامہ

یہ کریڈیٹ کارڈ کی طرز میں بنا ہوتا ہے اور اس پر آپ کی ذاتی تفصیل ، تصویر ، فنگر پرنٹ اور کچھ اور لوازمات ہوتے ہیں۔ یہ بتاتا ہے کہ آپ کس وجہ سے اور کتنا عرصہ جرمنی میں رہ سکتے ہیں۔

فامیلین کاسے (فیملی کا دفتر)

فامیلین کاسے کے پاس آپ چائلڈ بینیفیٹ کی درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ اور آپ کا بچہ اِس کی شرائط پر پورے اترتے ہیں۔ فامیلین کاسے آگینٹور فر آربائیٹ (دفتر روزگاری) کے ساتھ جڑا ہوتا ہے۔ اس کے بارہ میں مزید معلومات آپ ٹاؤن ہال یا سماجی مشاورت کے مرکز سے حاصل کرسکتے ہیں۔

پناہ گزین کے لئے مشورہ جات (پناہ گزین کے لئے سماجی مرکز مشاورت)
غیر ملکی پناہ گزین کے مرکز مشاورت سے آپ پناہ ، رہائشی اور سماجی سوالات کے جوابات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر سماجی مسائل ، ذہنی مسائل ، صحت یا ذاتی حالات کے بارہ میں مشورہ کر سکتے ہیں۔ آپ کے لئے سب سے نزدیک مرکز مشاورت یا نفسیاتی سینٹر کہاں ہے؟ اس کے بارہ میں آپ کو پناہ گزین کی انجمن کے کتابچہ سے مزید معلومات مل سکتی ہیں۔ (NRW) نورڈ رائین ویسٹ فالن

عورتوں کی سہولیات کے لئے مقامات
یہ مقامات اُن عورتوں کو جو تشدد کی وجہ سے ذہنی تشویش میں سے گزر رہی ہوں مشورہ دیتے ہیں اور ان کی حمایت کرتے ہیں۔ خاص ذکر کے قابل عورتوں کی رہائش گاہ (فراوؤن ہاؤس) ، عام مراکز مشاورت ، جنسی تشدد کے خلاف عورتوں کی تنظیم اور انسانوں کے کاروبار کے متاثرین کے مشاورت کے مراکز۔

کرنٹ (بینک) اکاؤنٹ
بینک اکاؤنٹ بینک اور سپار کاسن پیش کرتے ہیں اور یہ نقد پیسوں کے بغیر ادائیگی کے لئے ضروری ہے۔ کیونکہ جرمنی میں کاروبار نقد رقم کے بغیر ہوتا ہے۔ اکاؤنٹ میں رقم ادا کی جاسکتی ہے ۔ (مثال کے طور پر نقد رقم ادا کرنا، یا تنخواہ) اور نکلوائی جاسکتی ہے (جیسا کہ کرایہ)

انسانی ہمدردی کے تحت داخلہ پروگرام
اس پروگرام کے تحت وفاقی ریپبلک جرمنی اور اس کے ساتھ صوبہ نورڈ رائین ویسٹ فالن اُن لوگوں کی ذمہ داری اُٹھاتے ہیں جو بحران علاقوں میں سے ہیں۔ اس طرح وہ اُنہیں (ابتدا میں کچھ عرصہ کے لئے) جرمنی میں رہائشی اجازت نامہ کی سہولت مہیا کرتے ہیں۔

جاب سینٹر
آپ کے شہر کا جاب سینٹر ضرریات زندگی کے لئے مالی امداد کے لئے ذمہ دار ہے۔ (اس کے علاہ رہائش اور ہیٹنگ) جب ہی بنڈس آمٹ فر میگراشیون انڈ فلخٹلنگے (BAMF) (مائگریشن اور پناہ گزین کا وفاقی ادارہ) کی تفتیشی کارروائی تکمیل کو پہنچ جاتی ہے۔ اپنی ذندگی کو اپنی مالی رقم سے چلانے میں آپ کی مدد بھی کرنا چاہتے ہیں ۔ اس لئے آپ کے لئے ملازمت تلاش کرنے میں مدد کی جاتی ہے۔

نوجوانوں کی مائگریشن سروس۔
نوجوانوں کی مائگریشن سروس 12 سے 27 سال کی عمر کے غیر ملکی پس منظر کے بچوں اور نوجوانوں کو مشورے دیتی ہے۔ نورڈ رائین ویسٹ فالن میں تقریباً 80 نوجوانوں کی مائگریشن سروس ہیں۔ لازمی آپ کے نزدیک بھی ضرور ایک ہو گی۔ نوجوانوں کی مائگریشن سروس یعنی JMDs ہر قسم کےتعلیمی سوالات میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں بہت سے نوجوانوں کے لئے سیرو تفریح کے پروگرام بھی پیش کرتے ہیں۔

چائلڈبینیفیٹ
چائلد بینیفیٹ کی ادائیگی کر کے وفاقی ریاست جرمنی بچوں کی پرورش اور اُن کی بہتری کو فروغ دیتی ہے۔ یہ رقم ایک مقررہ عمر تک ادا کی جاتی ہے اور کتنی رقم ملے وہ اس بات پر منحصر ہے کہ کتنے بچے ہیں۔ بنیادی طور پر والدین کا بچے کی اٹھارویں سالگرہ تک چائلڈ بینیفیٹ حاصل کرنے کا حق ہوتا ہے۔ اگر بچہ تعلیم جاری رکھے تو اس حق کی مدت بڑھا دی جاتی ہے زیادہ سے زیادہ 25 سال کی عمر تک۔ چائلڈ بینیفیٹ کی درخواست آپ فامیلین کاسے کے مراکز کے پاس دے سکتے ہیں۔ (دیکھیں „فامیلین کاسے”)

بچوں کی دیکھ بھال / بچوں کی دیکھ بھل کے مراکز
آپ کے بچے سکول کی عمر تک بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز میں جا سکتے ہیں۔ ان مراکز میں زبان پر عبور اور بچے کی نشو نما کو اعلیٰ طریقہ سے بڑھایا جا سکتا ہے۔ جرمنی میں بچوں کی دیکھ بھال کے بہت سے مواقع ہیں۔ ان کے بارہ میں معلوما ت نوجوانوں کا سینٹر ، رضاکارانہ کام کی انجمنیں ، فیملی سینٹر، مقامی انٹیگریشن سینٹر یا گرجا گھروں سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

بہت سے ضلع اور خود مختار شہروں میں مقامی انٹیگریشن سینٹر بنائے گئے ہیں، جن کو تعلیم اور انٹیگریشن کو ساتھ ملانا چاہئے۔ مثال کے طور پر یہاں تعلیمی اداروں میں تعلیمی نظریئے یا حفظان صحت ، معاشیات/تجارت اور کھیلوں کو آگے بڑھانے کے اقدام اُٹھائے جاتے ہیں۔

مقامی رہائشی مراکز
شہروں میں ایسے رہائشی مراکز تیار رکھے جاتے ہیں جن میں وہ لوگ کچھ مدت کے لئے رہ سکتے ہیں جن کی اپنی رہائش (اپارٹمنٹ) نہیں ہے ۔

کرانکن فیرسیخیرونگ (یعنی میڈیکل انشورنس)
اس انشورنس کی مدد سے بیماری کے حالت میں تحفظ ملتا ہے، کیونکہ اکثر ڈاکٹر کے پاس جانا یا ہسپتال میں داخل ہونے کے بہت بھاری مالی اخراجات ہوتے ہیں۔

میلڈے بیشائینیگنگ (یعنی رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ)
یہ آپ کی رہائش کا سرکاری ثبوت ہے ۔رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ دفتر رہائشی رجسٹریشن سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

بالغ تارکین وطن کے لئے ابتدائی مشورے (MBE)
بالغ تارکین وطن کے لئے ابتدائی مشورے ایک ایسی سروس ہے جو ضرورت کے مطابق انفرادی مشورہ دیتی ہے۔ MBE کے کارکنان جو رضاکارانہ بہبود کی طرف سے ہیں آپ کا جرمنی میں دل لگانے میں مفت مدد کرتے ہیں۔
مثل کے طور پر یہاں آپ یہ معلوم کرسکتے ہیں کے آپ جرمن زبان کہاں سیکھ

سکتے ہیں اور کہاں کام تلاش کرسکتے ہیں۔ اور یہ کہ آیا آپ کی تعلیمی اہلیت منظور کی جائے گی ۔ اسی طرح میڈیکل انشورنس اور رہائش لینے کے مواقع کے بارہ میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ بھی کہ آپ کس ڈاکٹر کے پاس جاسکتے ہیں یا حمل کے دوران آپ کی کون مدد کرسکتا ہے۔

پابندی سکول

جرمنی میں رہائش پذیر بچوں کا سکول جانا لازمی ہے۔ عام طور پر 6 سال کی عمر سے بچوں کو ان کی انفرادی قابلیت کے مطابق مختلف قسم کے سکولوں میں تعلیم دی جاتی ہے۔ سرکاری سکول میں تعلیم مفت ہوتی ہے۔

سوزیال آمٹ (دفتر سوشل سیکیورٹی)

مثال کے طور پرآپ کے شہر / حکومت ضلع کا یہ حصہ اگر آپ اپنی زندگی کے اخراجات خود برداشت نہ کرسکیں تو آپکی مالی مدد کرتا ہے ، یا اگر آپ کو معزوری یا اپنی عمر کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے۔

سوزیال فیرسیخرنگز ناخ وائز (سوشل سیکیورٹی کی انشورنس کا ثبوت)

یہ شناختی کاغذ یہ ثبوت دیتا ہے کہ آپ کی قانونی طور پر سوشل سیکیورٹی کی انشورنس ہے۔ یہ انشورنس بے روزگاری کی صورت میں یا پینشن میں مالی اخراجات برداشت کرتی ہے۔ جب کام شروع کریں تو یہ کاغذ اگر طلب کیا جائے تو کام پر درج کروانا ہوتا ہے۔ عام طور پر یہ کاغذ آپ کو کرانکن کاسے (دفترمیڈیکل انشورنس) سے ملتا ہے۔

دفتر رہائش

آپ کے شہر / حکومت ضلع کا یہ حصہ رہائش کا ذمہ دار ہے۔ اگر آپ سستی رہائش کی تلاش میں ہیں تو یہاں آپ کو مدد مل سکتی ہے۔ اگر آپ قوائد و ضوابط پر پورے اترتے ہوں تو آپ کو رہائش کے لئے مالی مدد بھی مل سکتی ہے۔

حوالہ جات

شائع کردہ
نورڈ رائین ویسٹ فالن کی وزارت روزگار،
انٹیگریشن اور سماجیات
Fürstenwall 25
Düsseldorf 40219
Fax 0211 855-3211
info@mais.nrw.de

www.mais.nrw

یہاں پبلشر تہہ دل سے اس تحریر کی پیشکش میں پُر مسرت طریقے سے ساتھ دینے والے کومپیٹینز زینٹرم فر انٹیگریشن نورڈ رائین ویسٹ فالن کی لوکل حکومت آرنزبرگ اور ترجمے کے لئے بنڈس سپراخن آمٹ کی ترجمان سروس کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

ڈیزائن
Rheindenken Kommunikationsagentur GmbH

ترجمہ کردہ
امتہ النصیر طارق

چھپائی
Hausdruck اپنا چھاپہ خانہ/پریس

یہ اشاعت منگوائی جاسکتی ہے یا ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے:
www.mais.nrw

MAIS, Dezember 2015 ©

Ministerium für Arbeit
Integration und Soziales
des Landes Nordrhein-Westfalen

Fürstenwall 25, 40219 Düsseldorf
Fax 0211 855-3211
info@mais.nrw.de
www.mais.nrw